تبصرے

سعید احمد اکبر آبادی

تجلیات حق از الطاف احمد صاحب اعظمی (علیگ) متوسط ضخامت ۳۸۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دس روپیہ، پتہ مرکز تحقیقات واشاعت علوم قرآن جونپور

یہ کتاب قرآن اور سائنس کی روشنی میں وجود خدا کے اثبات میں لکھی گئی ہے حقیقت یہ ہے کہ وجود خدا کے اصل دلائل وہی ہیں جو قرآن مجید میں بیان کئے گئے ہیں یہ دلائل انسانی وجدان کو اپیل کرتے ہیں۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ وجدانی علم بہ نسبت عقلی علم کے کہیں زیادہ یقین افروز ہوتا ہے اکبر الہ آبادی نے اس شعر میں اسی حقیقت کو بیان کیا ہے ؎

تو دل میں تو آتا ہے سمجھ میں نہیں آتا۔
بس جان گیا میں تیری پہچان یہی ہے۔

رہی سائنس! تو خدا کے وجود کا اثبات یا انکار سائنس کی حدود سے باہر ہے ذات خداوندی ایک مابعد الطبعیاتی حقیقت ہے اور سائنس طبعیات سے سروکار رکھتی ہے اس سے آگے نہیں جا سکتی۔ اس کتاب میں لائق مصنف نے دونوں قسم کے دلائل بیان کئے ہیں۔ لیکن ہمارے نزدیک انہوں نے جو انفسی اور آفاقی دلائل صاف اور سلیس اور شگفتہ زبان میں تحریر کئے ہیں اصل دلائل وہی ہیں۔ ان کے علاوہ جو سائنسی دلائل "لکھے" ہیں۔ ان کی حیثیت زیادہ سے زیادہ اقناعی دلائل کی ہے۔ ایک مفکر اور سائنس داں ان دلائل سے خدا کے وجود کا قائل نہیں ہو سکتا